وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

Press Release

زیر تربیت انٹرنیز کے وفد کا وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ کا دورہ

وفاقی محتسب کے اعلیٰ افسران کی وفاقی محتسب اور اے اوا ے کے بارے میں بریفنگ

اسلام آباد( ) وفاقی ٹیکس محتسب میں زیر تربیت انٹرنیز کے ایک وفد نے گزشتہ روز وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ کا دورہ کیا، جہاں وفاقی محتسب کے سینئر ایڈوائزر ایمبیسڈر (ر) عبدالمعز بخاری، ایڈوائزر شاہد ہمایوں، ڈائریکٹر جنرل (ایڈمن) محمد صفدر نے وفد کو وفاقی محتسب کے کام، طریق کار اور اہم اقدامات نیز ایشین امبڈسمین ایسوسی ایشن کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔ وفد کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ پاکستان سرکاری اداروں میں بدانتظامی کے خلاف قائم کردہ سب سے پہلا ادارہ ہے۔ عوام الناس کو بدانتظامی کے خلاف مفت اور جلد انصاف کی فراہمی میں وفاقی محتسب کے کردار اور کامیابیوں کو دیکھتے ہوئے بعدازاں ٹیکس، بینکنگ، انشورنس اور خواتین کی ہراسیت کے خلاف اور تمام صوبوں نیز آزاد جموں وکشمیر میں بھی محتسب کے ادارے قائم کئے گئے۔ وفاقی محتسب میں سال 2024ء کے دوران 226,373 شکایات آئیں جن میں سے 223198 شکایات کے فیصلے کئے گئے۔ شکایات اور فیصلوں کی یہ تعداد سال 2023ء کے مقابلے میں بالترتیب 17 فیصد اور 16 فیصد زیادہ رہی، جب کہ سال رواں کے دوران اب تک ایک لاکھ 39 ہزار سے زائد شکایات موصول ہو چکی ہیں، جس سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ اس سال کے اختتام تک شکایات کی تعداد اڑھائی لاکھ سے تجاوز کر جائے گی۔ بعدازاں وفد نے وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ کی عمارت میں ایشین امبڈسمین ایسوسی ایشن (اے اوا ے) کے دفتر کا بھی دورہ کیا جہاں سینئر ایڈوائزر اور سابق سفیر عبدالمعز بخاری نے وفد کو اے اوا ے کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ اے اوا ے کا قیام 1996ء میں پاکستان کی کوششوں سے عمل میں آیا اور اے اوا ے کی صدارت زیادہ تر پاکستان کے پاس ہی رہی۔ اب بھی پاکستان کے وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی اے اوا ے کے صدر ہیں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ وفاقی محتسب سیکریٹریٹ، محتسبین کے بین الاقوامی ادارے انٹرنیشنل امبڈسمین انسٹی ٹیوٹ (آئی او آئی) کے ساتھ بھی مسلسل رابطے میں رہتا ہے اور اس تنظیم کا ایک سرگرم رکن ہے۔ وفد نے سرکاری اداروں کی بدانتظامی کے خلاف عوام الناس کی شکایات کے ازالے اور ملک میں گڈ گورننس کے قیام کے سلسلے میں وفاقی محتسب کی کارکردگی کو سراہا۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

03335333266

28 جولائی 2025ء